# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 12 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہلی کار دھماکے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کا وزیر اعظم کا انتباہ۔ واقعے کی جانچ این آئی اے کے سپرد۔

☆ قومی آبی ایوارڈس کا اعلان۔ ریاستوں کے زمرے میں مہاراشٹر کا پہلا نمبر۔

☆ دھاراشیو ڈسٹرکٹ بینک کو 74 /کروڑ روپئے شیئر کیپٹل دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو برخاست کر کے ایڈمنسٹریٹر کی تعیناتی کو بھی منظوری

☆ ہنگولی ضلع میں آبی منصوبوں کے لیے 214 کروڑ روپئے منظور۔

اور۔۔۔☆ مختلف میونسپل کارپوریشنوں کے وارڈز کے لیے ریزرویشن قرعہ اندازی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 115 میں سے 58 نشستیں خواتین کے لیے محفوظ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دہلی کار دھماکے کی سازش میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کا انتباہ وزیر اعظم نریندر مودی نے دیا ہے۔ بھوٹان کے چوتھے راجہ جگمے سنگے وانگچوک کے 70 ویں یوم پیدائش کے سلسلے میں راجدھانی تھمپو میں منعقدہ ایک خصوصی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس واقعے پر شدید صدمے کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ایجنسیاں اس واردات کی جڑوں تک جا کر مجرموں کو تلاش کریں گی۔

Byte: P.M. MODI

دریں اثناء بھارت اور بھوٹان کے مشترکہ طور پر تیار کردہ ایک ہزار 20 میگا واٹ کے پونات سانگ چو آبی منصوبے کے دوسرے مرحلے کا افتتاح بھی کل وزیر اعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

دہلی کار دھماکے کی جانچ قومی تحقیقاتی ادارے این آئی اے کے سپرد کی گئی ہے۔ اس خصوص میں مرکزی وزیر امت شاہ کی رہائش گاہ پر ان کی صدارت میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی سلامتی اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ امت شاہ نے اس موقع پر ادارے کو حکم دیا کہ اس واردات میں ملوث ہر مجرم کا پتہ لگایا جائے۔

***** ***** *****

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے تیقین دیا ہے کہ اس واقعے کے ذمہ داروں کو ہر صورت میں سزا ملے گی۔ وہ کل نئی دہلی میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحقیقاتی ایجنسیاں اس واقعے کی باریک بینی سے جانچ کر رہی ہیں۔ اور اس جانچ کے نتائج کو جلد عام کیا جائے گا۔ دریں اثناء اس واقعے کے ایک مشتبہ ملزم کے والد کو جموں وکشمیر کے پلوامہ سے تفتیش کے لیے حراست میں لیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھٹے قومی آبی ایوارڈز کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ مختلف دس زمروں کے لیے دیئے جانے والے ان ایوارڈز میں ریاستی زمرے میں مہاراشٹر نے پہلا نمبر حاصل کیا ہے۔ آبی وسائل کے وزیر سی آر پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ آئندہ 18 تاریخ کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں یہ ایوارڈز دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناسک۔ ناگپور۔ دھاراشیو ڈسٹرکٹ بینکوں کو 827 کروڑ روپیئے شیئر کیپٹل دینے کا فیصلہ ریاستی کابینہ نے کیا ہے۔ اس میں ناسک ضلع بینک کو 672 کروڑ روپیئے، ناگپور ضلع بینک کو 81 کروڑ روپیئے اور دھاراشیو ضلع بینک کو 74 کروڑ روپیئے دیئے جائیں گے۔ دھاراشیو ضلع بینک کے روز افزوں خستہ حالی کے پیش نظر بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو برخاست کر کے ایڈمنسٹریٹر تعینات کرنے کے لیے کوآپریٹیو کمشنر کو حکم دیئے جانے کا فیصلہ بھی کل منعقدہ کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست کے عدالتی احاطوں اور ججوں کی رہائش گاہوں کی حفاظت کے لیے اضافی آٹھ ہزار 282 محافظوں کے تقرر اور پانچویں مہاراشٹر مالیاتی کمیشن کی سفارشات کی مدت میں مزید ایک برس کی توسیع کا فیصلہ بھی اسی کابینی اجلاس میں کیا گیا۔

ہنگولی تعلقے کے ڈِگرس آبی ذخیرے کے لیے 90 کروڑ 61 / لاکھ روپیئے مختص کرنے کے فیصلے کو بی کابینہ نے منظوری دی۔ اس منصوبے سے ڈِگرس۔ لوہ گاؤں اور داتے گاؤں کی 603 / ہیکٹر زمین سیراب کی جا سکے گی۔ ہنگولی ضلع کے سین گاؤں تعلقے کے سکڑی آبی ذخیرے کے لیے 124 / کروڑ 36 / لاکھ روپیئے مختص کرنے کو بھی کابینہ نے منظوری دی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

آج خدمات عامہ نشریات دن منایا جا رہا ہے۔ 12 / نومبر 1947 کو بابائے قوم مہاتما گاندھی نے آل انڈیا ریڈیو پر تاریخی خطاب کیا تھا۔ اسی خطاب کی یاد میں 12 / نومبر کو یہ دن منایا جاتا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس نے کل ممبئی میں ریاستی محکمۂ زراعت کے نئے لوگو اور نعرے ''پائیدار زراعت۔ خوش حال کسان'' کا اجراء کیا۔ اس موقع پر نائب وزراء اعلیٰ ایکناتھ شندے، اجیت پوار اور وزیر زراعت دتاتریہ بھرنے بھی موجود تھے۔ لوگو مقابلے لے فاتح بھساول کے دیریندر پاٹل اور نعرہ مقابلے کے فاتح پربھنی کے سدھی دیسائی کو اس موقع پر اعزازات سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ۔ مہاراشٹر سرحد پر واقع بستر۔ بیجاپور اور گڈچرولی اضلاع سے ملحق جنگلات میں کل حفاظتی دستوں اور نکسلائیٹ کے درمیان مقابلہ آرائی میں چھ نکسلائیٹ ہلاک ہو گئے۔ یہ کارروائی محفوظ حفاظتی دستوں۔ کوبرا کمانڈوز اور مقامی پولس نے مشترکہ طور پر انجام دی۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابات کے لیے کل قرعہ اندازی عمل میں آئی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے 115 وارڈز میں سے 58 نشستیں خواتین کے لیے۔ 31 پسماندہ طبقات۔ 22 درج فہرست ذاتوں اور دو نشستیں درج فہرست قبائل کے لئے محفوظ رکھی گئی ہیں۔

پربھنی میونسپل کارپوریشن کے 16 ؍وارڈز کے لیے درج فہرست ذاتوں ۔ درج فہرست قبائل ۔ دیگر پسماندہ طبقات ۔ عام خواتین اور کھلے زمرے کے لیے ریزرویشن کا بھی کل اعلان کیا گیا۔ لاتور میونسپل کارپوریشن کی 69 نشستوں میں سے 35 خواتین کے لیے محفوظ کی گئی ہیں ۔ جالنہ میونسپل کمشنر آشیما متل کی صدارت میں 16 بلاکس کی کل 65 ؍نشستوں کے لیے ریزرویشن طئے کئے گئے ۔ انتخابات کے دوران امن وانتظام کی صورت حال بنائے رکھنے کے لیے 11 ؍افراد کو جالنہ ضلع سے تڑی پار کیا گیا ہے ۔ یہ کاروائی ایس پی جئے کمار بنسل کے حکم پر کی گئی ۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن میں کل 81 نشستوں میں سے 41 نشستیں خواتین کے لیے محفوظ کی گئی ہیں ۔ اس خصوص میں میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے اخباری نمائندوں کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے ڈگری کورسیز کے امتحانات کل سے شروع ہورہے ہیں جن میں تین لاکھ 55 ہزار طلباء شرکت کررہے ہیں۔ ان امتحانات کے لیے یونیورسٹی نے 33 ؍اسکواڈ تشکیل دیئے ہیں۔ سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے امتحانات کا بھی کل سے آغاز ہوا۔ جن میں تقریباً ایک لاکھ 20 ؍ ہزار طلباء شریک ہورہے ہیں ۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع پریشد اسکولوں کے اساتذہ اور نگراں عملے کے لیے ونوبا بھاوے ایپ کا ورکشاپ کل بیڑ میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر سی ای او جتن رحمان نے ہدایت کی کہ طلباء کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیئے اس ایپ کا موثر طور پر استعمال کیا جائے ۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے امبڑ تعلقے کے سکھاپوری علاقے میں تیندوے کی موجودگی سامنے آئی ہے ۔ انتظامیہ نے کسانوں اور گنّے کے کاشتکاروں سے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں احتیاط برتیں اور تیندوا دکھائی دینے پر فوری محکمۂ جنگلات کو اطلاع دیں ۔

***** ***** *****

بصارت سے محروم خواتین کی ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا کل سے آغاز ہوا۔ نئی دہلی میں کل کھیلے گئے پہلے میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 10 وکٹوں سے شکست دی۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل جلگاؤں میں سب سے کم درجۂ حرارت 9.55 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ ناسک میں 10.57 ، بیڑ میں 11.40 ڈگری، چھترپتی سمبھاجی نگر میں 12.40 ڈگری، پربھنی میں 13.5 ڈگری سیلسیس درجۂ حرارت درج کیا گیا۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق آئندہ دو دنوں میں ریاست کے بیشتر حصوں میں موسم خشک رہے گا۔ تاہم کوکن میں کئی مقامات پر، مراٹھواڑہ کے چند مقامات پر اور ودربھ میں کہیں کہیں کم سے کم درجۂ حرارت میں نمایاں کمی کا امکان ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہلی کار دھماکے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کا وزیر اعظم کا انتباہ۔ واقعے کی جانچ این آئی اے کے سپرد۔

☆ قومی آبی ایوارڈس کا اعلان۔ ریاستوں کے زمرے میں مہاراشٹر کا پہلا نمبر۔

☆ دھاراشیو ڈسٹرکٹ بینک کو 74/کروڑ روپئے شیئر کیپٹل دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو برخاست کر کے ایڈمنسٹریٹر کی تعیناتی کو بھی منظوری

☆ ہنگولی ضلع میں آبی منصوبوں کے لیے 214 کروڑ روپئے منظور۔

اور۔۔۔☆ مختلف میونسپل کارپوریشنوں کے وارڈز کے لیے ریزرویشن قرعہ اندازی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 115 میں سے 58 نشستیں خواتین کے لیے محفوظ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****